# ماڈل پیپر اردو "اختیاری"

## برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ-II (جماعت دہم) 2014ء و مابعد

### حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 15

نوٹ:- ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1- (i) اردو کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) اردو　(ب) انگریزی　(ج) فارسی　(د) ترکی

(ii) مشتاق احمد یوسفی نے ہمدردانِ صحت کو گروہوں میں تقسیم کیا ہے۔

(الف) دو　(ب) تین　(ج) چار　(د) پانچ

(iii) "شہیدوں کا لہو" نظم کس نے تخلیق کی ہے؟

(الف) محسن کاکوروی　(ب) میر حسن　(ج) احمد ندیم قاسمی　(د) حفیظ جالندھری

(iv) مضمون "احسان عام" تحریر ہے۔

(الف) سید سلیمان ندوی　(ب) سرسید احمد خان　(ج) ڈاکٹر سید عبداللہ　(د) مولوی چراغ علی

(v) سب سے بڑی کاہلی ہے۔

(الف) اٹھنے میں سستی کرنا　(ب) دلی قویٰ کو بیکار چھوڑنا　(ج) محنت میں چستی نہ کرنا　(د) ہاتھ پاؤں سے محنت نہ کرنا

Result.pk

(vi) "یادگارِ غالب" تصنیف ہے۔

(الف) خواجہ الطاف حسین حالی　(ب) مرزا اسداللہ خاں غالب　(ج) مولانا شبلی نعمانی　(د) مولوی چراغ علی

(vii) ڈاکٹر سید عبداللہ پیدا ہوئے۔

(الف) لکھنو　(ب) ایبٹ آباد　(ج) حیدر آباد　(د) دہلی

(viii) ناشتہ اور کھانے کے ساتھ کس چیز کا ہونا لازم تھا (بحوالہ نذیر احمد کی کہانی)

(الف) دودھ　(ب) گوشت　(ج) میوہ　(د) شربت

(ix) "فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں" یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟

(الف) حالی　(ب) اقبال　(ج) شبلی　(د) غالب

(x) ضلع پٹنہ کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔

(الف) مولانا الطاف حسین حالی　(ب) سید سلیمان ندوی　(ج) عبدالماجد دریابادی　(د) مولانا شبلی نعمانی

(xi) رئیس المتغزلین کس شاعر کا لقب ہے؟

(الف) میر　(ب) غالب　(ج) حسرت　(د) اقبال

(xii) آپ کے آباؤ اجداد ارضِ مقدس حجاز کے باشندے تھے۔

(الف) محسن کاکوروی　(ب) میر تقی میر　(ج) فیض احمد فیض　(د) احسان دانش

(xiii) "شکوہ" اور "جوابِ شکوہ" کس کی تخلیق ہیں۔

(الف) میر تقی میر　(ب) احسان دانش　(ج) علامہ اقبال　(د) نظیر اکبر آبادی

(xiv) آپ نے 1877-1938 تک عمر پائی۔

(الف) محسن کاکوروی　(ب) ظفر علی خان　(ج) احمد ندیم قاسمی　(د) علامہ اقبال

(xv) ناصر کاظمی پیدا ہوئے۔

(الف) لکھنو　(ب) دہلی　(ج) کانپور　(د) انبالہ

# ماڈل پیپر اردو "اختیاری"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ ۔II (جماعت دہم) 2014ء و مابعد

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر: 60

-2 (الف) درج ذیل نظم کے اشعار کی تشریح کریں۔ 6

(i) دیں اذانیں کبھی یورپ کے کلیساؤں میں
کبھی افریقہ کے تپتے ہوئے صحراؤں میں

(ii) خبر کیا تھی یہاں تیرے غازی آ کے ٹھہریں گے
شہید آرام فرمائیں گے نمازی آ کے ٹھہریں گے

(iii) کیوں نہ معیارِ طلب اپنا رکھیں سب سے بلند
کیوں نہ آئینہ سے اطراف کو حیران کریں

(ب) درج ذیل غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔ 4

(i) تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

(ii) وہ کوئی دوست تھا اچھے دنوں کا
جو پچھلی رات سے یاد آ رہا ہے

-3 درج ذیل نثری اقتباس کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی تحریر کریں۔ 6,2,1,1

Result.pk

پھر دیکھئے کیسے کیسے مجرب نسخے خاندانی چٹکلے اور فقیری ٹوٹکے آپ کو بتائے جاتے ہیں میں آج تک یہ فیصلہ نہ کر سکا کہ اس کی اصل وجہ طبی معلومات کی زیادتی ہے یا مذاق سلیم کی کمی۔ بہر حال بیمار کو مشورہ دینا ہر تندرست آدمی اپنا خوش گوار فرض سمجھتا ہے۔ اور انصاف کی بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں ننانوے فیصد لوگ ایک دوسرے کو مشورے کے علاوہ اور دے بھی کیا سکتے ہیں؟

-4 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کریں۔ 10

(الف) غزنین کا سفر　　　　(ب) انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا۔

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ تحریر کریں۔ 5

(الف) صحرا کی دعا　　　　(ب) شکوہ

-6 درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون تحریر کریں۔ 15

میرا پسندیدہ شاعر،　　کسی مشاعرے کا آنکھوں دیکھا حال،　　شہری زندگی

-7 درج ذیل شاعر / نثر نگار کا سوانحی و تنقیدی خاکہ تحریر کریں۔ 10

خواجہ الطاف حسین حالی

Qari M. Afzal
Govt Central Model School Lower Mall
Lahore

28/1/14

0324-4756526
G. Arif HS/S,
Mustafa Abad, LHR.